# حکومت گلگت بلتستان

## نظامت بہبود آبادی گلگت بلتستان

## نوٹس برائے طلبی ٹینڈرز

نظامت بہبود آبادی گلگت بلتستان کو برائے مالی سال 2025-26 کے لئے درج ذیل کیٹیگری/شعبے میں مطلوبہ خدمات کی فراہمی کیلئے مستند متعلقہ شعبے میں تجربہ کار اور رجسٹرڈ فرمز/ کاروبار کے حامل خواہشمند سپلائرز سے سربمہر پیشکشیں مطلوب ہیں۔ ادارہ ھذا کو مطلوبہ خدمات اور اشیاء کی تفصیل وتشریح ٹینڈر دستاویزات میں فراہم کی گئی ہیں جو کہ دفتر ھذا سے اس اشتہار کی اخبار میں اشاعت کی تاریخ میں مبلغ -/4000 روپے کا دفتر سے حاصل کردہ چالان متعلقہ بنک میں جمع کرا کے حاصل کی جاسکتی ہیں اور ذیل میں دی گئی تاریخ اور وقت تک زیر دستخطی کے دفتر میں جمع کی جاسکتی ہیں۔ جو کہ ذیل میں دی گئی تاریخ اور وقت پر کھولی جائیں گی:-

| کیٹیگری<br>Categary | تفصیل<br>Calassification | ٹینڈرز جمع کرنے کی تاریخ اور وقت<br>Date & Time of Closing | ٹینڈرز کھولنے کی تاریخ اور وقت Date &<br>Time of Opening | زرضمانت (5%)<br>Call Deposit<br>(Amount) |
|---|---|---|---|---|
| "A" | گاڑیوں کی مرمت<br>(Repair of Transport) | 27 اکتوبر 2025ء 10:00 بجے تک | 27 اکتوبر 2025ء 10:30 بجے تک | 65 ہزار روپے |

## بنیادی شرائط و ضوابط:

ا۔ ٹینڈر کھولنے کے دوران اپنے مجاز نمائندے کی موجودگی کو یقینی بنانا ٹینڈر دھندہ کی ذمہ داری ہوگی۔ عدم موجودگی کی صورت میں نہ انتظار کیا جائے گا نہ کوئی عذر اور اعتراض قابل قبول ہوگا۔ مجاز نمائندے کے پاس اتھارٹی لیٹر ہونا ضروری ہے۔

ii۔ پیشکش (ریٹ) لازماً متعلقہ فرم کے پرنٹڈ لیٹر ہیڈ جس میں فرم کا ایڈریس، رجسٹریشن نمبر، پتہ اور مالک کا نام درج ہو اور کمپیوٹر پرنٹڈ (Computer Printed) جمع کروانا ہوگی۔ عدم تعمیل کی صورت میں ٹینڈر مسترد کیا جائے گا۔ <u>ہاتھ سے لکھی ہوئی ریٹ/ اوور رائیٹنگ (over writing) کی ہوئی ریٹ قابل قبول نہیں ہونگی</u>۔ اس حوالے کوئی عذر قبول نہیں کیا جائے گا۔

iii۔ متعلقہ کیٹگری کے ٹینڈر کے ہمراہ دی گئی رقم کے مساوی اسٹیٹ بنک سے منظور شدہ شیڈول بنک کا جاری کردہ اصلی کال ڈپازٹ بنام زیر دستخطی منسلک کرنا ضروری ہے۔ کواپریٹو سوسائٹیز / بنک جو کہ اسٹیٹ بنک سے شیڈول بنک کے طور پر منظور شدہ نہیں ہیں ماسوائے KCBL کے کال ڈپازٹ قابل قبول نہیں ہونگے۔ کال ڈپازٹ کے بغیر ٹینڈر اسی وقت مسترد کئے جائیں گے۔

vi۔ ٹینڈر دھندہ کا متعلقہ شعبے سے منسلک فرم (ورکشاپ/ دوکان وغیرہ) کی رجسٹریشن کی تصدیق شدہ نقل فراہم کرنی ہونگی۔ ٹینڈر کمیٹی مجاز ہوگی کہ وہ تصدیق کیلئے وزٹ کرے۔ متعلقہ شعبے میں ٹینڈر دھندہ کے نام پر رجسٹرڈ ورکشاپ/فرم / دوکان نہ ہونے کی صورت میں ٹینڈر مسترد کیا جائے گا۔

v۔ ایسی پیشکش جن میں مارکیٹ کے عمومی ریٹ کے مقابلے میں نامناسب حد تک کم یا زیادہ ریٹ پر دی گئی ہوں ان کو مسترد کیا جائیگا۔

vi۔ ٹینڈر متعلقہ فرم کی پرنٹڈ لیٹر ہیڈ جس پر مکمل پتہ، فون نمبر رجسٹریشن نمبر اور مالک/ مالکان کا نام ہو پر جمع کرانا ہوگی۔ عدم تعمیل کی صورت میں ٹینڈر مسترد کیا جائے گا۔

vii ٹینڈر کے ساتھ 50 روپے کے اسٹامپ پیپر کہ ٹینڈر دھندہ کبھی کسی سرکاری/نیم سرکاری ادارے اور PPRA سے بلیک لسٹ نہیں ہوا کا حلف نامہ جمع کرانا ہوگی۔

viii۔ ٹینڈر دھندہ کی شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی منسلک کرنا ہوگی۔

ix۔ ٹینڈر کمیٹی اس بات کی مجاز ہوگی کہ وہ مطلوبہ معیار اور شرائط پر پورا اترنے والے اور نامکمل مشروط اور مبہم پیشکشوں کو مسترد کرے۔

x۔ غلط معلومات یا معلومات چھپانے کے مرتکب ٹینڈر دھندگان کی پیشکشوں کو مسترد کیا جائے گا۔

xi۔ ٹینڈر دھندہ کا ذاتی ورکشاپ (گاڑیوں کی مرمت) کا ہونا لازمی ہے۔

(امین خان)

ڈائریکٹر

CamScanner